© rasailojaraid.com

تبصرے اور تاثرات

الحمد للہ "السیرۃ" العالمی کے اجراء کو اہلِ علم اور اصحابِ ذوق نے توقع سے کہیں زیادہ سراہا اور پسند کیا ہے، اور ادارے کی حوصلہ افزائی فرمائی ہے، "السیرۃ" کو اپنے تبصروں میں جگہ دی ہے اور عوام و خواص کو اس کے مطالعے کی طرف متوجہ کیا ہے، ذیل میں چند تبصروں اور تاثرات کے اقتباس پیش کئے جا رہے ہیں۔ ہم ان سب حضرات اور اداروں کے شکر گزار ہیں۔

ادارہ

☆ ماہنامہ "الحق" اکوڑہ خٹک، اگست ۱۹۹۹ء

دور حاضر میں سیرت طیبہ سے استفادہ کی جتنی ضرورت ہے اتنی ضرورت شاید اب سے پہلے کبھی نہ تھی۔ کیونکہ آج انسانی معاشرہ اور انسانیت تنزل اور انحطاط کی جن وادیوں میں بھٹک رہی ہے اس کے لئے ضروری ہے کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اسوۂ حسنہ اور سیرت طیبہ سے مکمل وابستگی اختیار کریں، تب ہی ہمیں دنیا و آخرت کی حقیقی خوشی نصیب ہوگی۔ ایسے دورِ انحطاط میں "السیرۃ" کے عنوان سے رسالے کا اجراء نہایت ہی خوش آئند اقدام ہے۔ مجلّے کے مدیر جناب حافظ سید فضل الرحمٰن صاحب کو اللہ تعالیٰ نے تفسیر قرآن اور سیرت طیبہ کے ساتھ شغف کا قابل رشک ذوق عطا فرمایا ہے اور یہ ذوق آپ کو اپنے والد گرامی قدر حضرت مولانا سید زوار حسین شاہ صاحب نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ سے ملا ہے۔ زیر تبصرہ مجلّہ "السیرۃ" العالمی ششماہی کا پہلا شمارہ ہے جو کہ سیرت رسول ﷺ کے متعلق مقالات اور مضامین کا مجموعہ ہے۔

ہماری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس پرچے کو مقبولیت عامہ سے نوازے۔ اور عامۃ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

المسلمین اس کے پر مغز مضامین سے بہرہ ور ہو کر اپنی زندگیاں سیرت رسول ﷺ کے مطابق بسر کر سکیں۔

☆ ماہنامہ ''نقیب ختم نبوت'' ملتان، اگست ۱۹۹۹ء

کراچی سے شائع ہونے والا ایک منفرد ششماہی مجلّہ جو صوری اور معنوی ہر لحاظ سے نہایت خوبصورت ہے۔ اس کا پہلا شمارہ ربیع الاول ۱۴۲۰ھ، جون ۱۹۹۹ء پیش نظر ہے اور جاذب نظر ہے۔ سرنامے پر لکھا ہے ''سیرت طیبہ اور تعلیماتِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کا نقیب، علمی و تحقیقی مجلّہ'' اس میں شامل تحقیقی و علمی مضامین سرنامے کی عبارت کی تصدیق کرتے ہیں۔ حضرت سید زوار حسین شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ عالم باعمل تھے اور صاحب فکر و نظر بھی۔ سید فضل الرحمٰن شاہ صاحب ان کے فرزند ارجمند ہیں جو اپنے والد ماجد رحمۃ اللہ کی وراثتِ علمی و دینی کو سنبھالے ہوئے ہیں۔ سید عزیز الرحمٰن صاحب ان کے بیٹے اور حضرت مولانا سید زوار حسین شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے پوتے ہیں۔ یہ ''السیرۃ'' کے نائب مدیر ہیں۔

سیرتِ طیبہ کا موضوع اتنا ہمہ گیر اور وسیع ہے کہ ایک مسلمان اور مومن کبھی سیراب نہیں ہو سکتا۔ پیاس اور طلب باقی رہتی ہے اور یہ سیرت کا معجزہ ہے۔ ملک میں بے شمار دینی رسائل و جرائد شائع ہو رہے ہیں، جن میں ''السیرۃ'' نووارد ہے۔ نقش اول سے ہی اندازہ ہوتا ہے کہ کس سچے جذبے اور تڑپ کے ساتھ اس مجلّے کا آغاز کیا گیا ہے۔ یہ ششماہی رسالہ ہر سال یکم ربیع الاول اور یکم رمضان کو شائع ہوگا۔ (انشاء اللہ) تازہ شمارے میں سیرت طیبہ کے مختلف گوشوں پر قرآن و حدیث سے مدلل و مرصع مضامین شامل ہیں۔

اس میں نہایت جاندار اور تحقیقی مقالات و مضامین شامل ہیں۔ جن کو پڑھ کر ایمان کو جلا ملتی ہے اور جذبہ حبِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پروان چڑھتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس سلسلے کو جاری رکھنے کی توفیق عطاء فرمائیں اور انہیں قبولیت سے نوازیں، (آمین)

☆ ماہنامہ ''بیداری'' حیدر آباد، اکتوبر ۱۹۹۹ء

حافظ فضل الرحمٰن صاحب پیر طریقت حضرت مولانا سید زوار حسین شاہ صاحب

© rasailojaraid.com